اپنے نبیؐ کا پیرو بنا دے یا ربّ

میرے اعمال ہیں بے وقعت سارے　　ان کو تو باوزن بنا دے یاربّ
اپنے جرائم میں دبا ہوا ہوں　　تو عفو کا عندیہ سنا دے یا ربّ
توبہ کر لے قبول تو اس ناخلف کی یاربّ
اپنے نبیؐ کا تو پیرو بنا دے یاربّ
نعمتوں کا ہوا نہ ممنون میں تیری　　اپنا شاکر بندہ مجھے بنا دے یاربّ
تنگ کیا ہے زمانے کو دکھاوے سے　　تو مجھ میں عاجزی پیدا کر دے یاربّ
توبہ کر لے قبول تو اس ناخلف کی یاربّ
اپنے نبیؐ کا تو پیرو بنا دے یاربّ
میری نہ بنی تیری مخلوق سے کبھی　　ذمہ تو میرا اُٹھا لے یا ربّ
دل کڑھتا ہے زمانے کی ریاکاری سے　　دل کو تو آسودہ کر دے یاربّ
توبہ کر لے قبول تو اس ناخلف کی یاربّ
اپنے نبیؐ کا تو پیرو بنا دے یاربّ
تیری رحمت سے امید وابستہ میری　　اپنی رحیمی کا جلوہ دکھا دے یاربّ
میری زیست کا دیا اب ٹمٹما رہا ہے　　عفو کی آس حلیم کو دلا دے یاربّ
توبہ کر لے قبول تو اس ناخلف کی یاربّ
اپنے نبیؐ کا تو پیرو بنا دے یاربّ